# تفہیم

" نازو بیٹی کھانا لگ گیا ہے۔ کھانا کھا لو۔ ٹھنڈا ہو جائے گا۔" چلبلی , لاپروا نازو کھیل میں مصروف تھی۔" ابھی آئی۔۔۔ امی " اس نے وہیں سے جواب دیا اور جب سب نے کھانا شروع کردیا, پھر نازو کھانے کی میز پر آئی۔ آتے کے ساتھ ہی نازو نے فورا ذرا دور رکھے ہوئے سالن کے ڈونگے کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ جس کی وجہ سے اس کی آستین قریب رکھی ہوئی ڈش میں آدھی سے زیادہ ڈوب گئی۔ ڈش قریب لانے کے بعد نازو نے اپنی پلیٹ میں بھر کر سالن نکالا اور بڑے بڑے روٹی کے نوالے منہ میں ڈال کر جلدی جلدی کھانے لگی۔ اس کے منہ سے مسلسل چپ چپ کی آوازیں آرہی تھیں۔
بھائی جان نے جب اس کو اس طرح کھاتے دیکھا تو وہ چپ نہ رہ سکے اور نازو کو مخاطب کرتے ہوئے بولے" نازو کھانا سب کے ساتھ شروع کرنا چاہئے۔ دیر سے کھانے پر آنا بد تمیزی ہے اور اپنے سامنے جو ڈش ہو پہلے وہ اٹھانی چاہئے۔ جو چیز دور رکھی ہو وہ برابر والے سے مانگ لینی چاہئے۔ کھانا اتنا نکالو جو تم پورا کھاسکو۔ کھانا ہمیشہ بسم اللہ پڑھ کر شروع کرو اور آخر میں الحمد اللہ کہو ۔اس کے علاوہ کھانا کھانے کے دوران منہ سے چپ چپ کی آوازیں بھی نہیں آنی چاہئں۔ لقمے ذرا چھوٹے لو جو تمھارے منہ میں آسکیں۔ تمھارے پیٹ میں درد اسی لئے رہتا ہے کہ تم اتنے بڑے بڑے نوالے کھاتی ہو۔ جو نہ تو صحیح طرح چبتے ہیں اور نہ ہضم ہوتے ہیں - اور اپنی آستین تو دیکھو، پوری تیل سے بھر گئی ہے۔ "اور پیٹ میں کیڑے کیوں ہوتے ہیں؟" نازو نے معصومانہ لہجے میں سوال کیا۔ "وہ اس لئے کہ تم ہاتھ دھو کر کھانا شروع نہیں کرتیں۔ گندے ہاتھوں میں موجود جراثیم پیٹ میں جا کر کیڑے بن جاتے ہیں اور انسان کو بیمار کر دیتے ہیں" بھائی جان نے کہا۔
" اور ۔۔۔۔" نازو نے مزید سوال کرنا چاہا۔ " بس! اب خاموشی سے کھانا کھائو! باقی سوال بعد میں کرنا۔" بھیا نے پیار سے نازو کے سر کو تھپکا اور نازو کھانا کھانے لگی۔

**سوال نمبر۱: درست جواب کا انتخاب کیجئے .**

i. نازو مصروف تھی۔ — کھیل میں / پڑھائی میں

ii. نازو نے سالن کے ڈونگے کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ — قریب رکھے / دوررکھے

iii. کھانا شروع کرنے سے پہلے پڑھنا چاہئے۔ — الحمد اللہ / بسم اللہ

iv. نازو نے روٹی کے نوالے منہ میں ڈالے۔ — بڑے / چھوٹے

v. نازو نے شروع میں کھانا کھایا۔ — چپ چپ کر کے / خاموشی سے

**سوال نمبر۲ : : جملے کو درست حصہ کے ساتھ لکیر کے ذریعے ملائے۔**

| | |
|---|---|
| i. لقمے ذرا چھوٹے لو جو | سوال بعد میں کرلینا۔ |
| ii. اب خاموشی سے کھانا کھائو | تمھارے منہ میں آسکیں۔ |
| iii. کھانا کھانے کے آخر میں | آو کھانا کھا لو۔ ٹھنڈا ہو جائے گا۔ |
| iv. نازو بیٹی کھانا لگ گیا ہے | الحمد اللہ پڑھنا چاہئے۔ |

**<u>سوال نمبر۳</u> : مندرجہ ذیل خالی جگہ کو درست معلومات کی مدد سے پر کیجئے۔**

i. کھانے کی میز پر سامنے جو ڈش رکھی ہو _______ وہ اٹھانی چاہئے۔

ii. پلیٹ میں کھانا اتنا ڈالیں جو __________ کھا سکیں۔

iii. جراثیم __________ میں جا کر کیڑے بن جاتے ہیں۔

iv. کھانا کھانے سے پہلے __________ضرور دھو لینا چاہئے۔

v. بھیا نے __________ سے نازو کے سر کو تھپکا۔

**<u>سوال نمبر ۴</u> : مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کے سامنے (✓) کا نشان لگائیے۔**

i. کھانا شروع ہونے سے پہلے نازو کھانے کی میز پر آگئی۔ (   )

ii. نازو نے آرام سے سالن کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ (   )

iii. نازو کی آستین ڈش میں ڈوب گئی۔ (   )

iv. صاف ہاتھ سے کھانے سے انسان بیمار ہوجاتا ہے۔ (   )

v. کھانا چبا چبا کر کھائیں تو جلد ہضم ہو جاتا ہے۔ (   )

vi. کھانے کے دوران زیادہ بولنا نہیں چاہئے- (   )